© rasailojaraid.com



بہادر سنگھ کے پاس پہنچتا ہے دونوں میں شمشیر زنی ہوتی ہے اور آخر کار بہادر سنگھ مارا جاتا ہے۔ اب اس رکاوٹ کے دور ہوجانے کے بعد نیلم راؤ کو توقع تھی کہ کوشلیا اس سے شادی کرنے پر رضامند ہوجائیگی لیکن راجپوت لڑکی ہونے کے باعث اس کو آخر دم تک اپنے شوہر کا خیال رہتا ہے۔ اس نے قید خانہ میں جو زہر پیا تھا اس کا کچھ اثر اس پر ہو چکا تھا کہ اب شوہر کے مارے جانے کی خبر سنکر اس پر ضعف قلب کا ایسا دورہ پڑا کہ وہ جانبر نہ ہوسکی غرض یہ ہے کہ ناول بڑا دلچسپ اور ایک شریف راجپوت عورت کی عصمت مآبی اور شوہر پرستی کا آئینہ دار ہے۔

**ڈاک گھر** | مترجمہ جمیل احمد صاحب کندھا نپوری ایم۔ اے تقطیع خورد ضخامت ۶۲ صفحات طباعت وکتابت بہتر، قیمت مجلد ۸ر پتہ:۔ نرائن دت سہگل لوہاری گیٹ لاہور

یہ ڈاکٹر ٹیگور کے ایک مشہور ڈرامہ کا صاف اور سلیس اردو ترجمہ ہے جو ہندوستان میں اور لندن میں انگریزی ترجمہ کے ساتھ کئی مرتبہ اسٹیج بھی ہوچکا ہے۔ اس میں ایک کمسن بچہ کی کہانی بیان کی گئی ہے جس کے چچا کو ایک وید تاکید کرتا ہے کہ اس بچہ کو گھر سے باہر نہ نکلنے دیا جائے۔ ورنہ بچہ کی جان کا خطرہ ہے اس لئے بچہ دن بھر اپنے مکان کی کھڑکی میں بیٹھا ہوا سڑک پر سے ہر گذرنے والے کو دلچسپی سے دیکھتا اور اس سے معصومانہ انداز میں بات چیت کرتا ہے۔ اپنی قوت متخیلہ کی مدد سے پہاڑیوں، سبزہ زاروں اور گھاٹیوں کے پیچ وخم کا تصور کرکے دل ہی دل میں لطف اندوز ہوتا ہے اور گھر کی چہار دیواری سے نکل کر وسیع کائنات عالم میں گم ہوجانے کی تمنا میں بیتاب رہتا ہے۔ تمثیل دلچسپ ضرور ہے لیکن انگلینڈ کے مشہور شاعر ڈبلیو بی ییٹس (yeats) نے اس کے متعلق بالکل بجا کہا ہے کہ "اس کا مفہوم جذباتی اور سادگی آمیز زیادہ ہے اور ذہنی کم"

**جواہر العلوم** | مترجمہ مولانا عبدالرحیم صاحب مولوی فاضل تقطیع کلاں ضخامت ۲۱۹ صفحات کاغذ اور کتابت و طباعت بہتر قیمت عہ پتہ:۔ کتابستان پوسٹ بکس ۳۱۶۴ بمبئی نمبر ۳

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے اپنی ذات وصفات کے ثبوت میں کثرت سے کائنات عالم سے شواہد ونظائر پیش کئے ہیں اور حکم دیا ہے کہ انسان نوع بہ نوع حیوانات، رنگ برنگ کے نباتات اور بوقلموں جمادات کو بہ نگاہ



© rasailojaraid.com